Islamiat (Urdu Medium) - 11th Class Islamiat Chapter 2 Short Questions Preparation

Q1. پہلی آسمانی کتابوں پر ایمان لانے کا مفہوم لکھئے.

Ans 1: پہلی آسمانی کتابوں پر ایمان لانے کا مفہوم یہ ہے کہ ان پر ایمان لانا فرض تو ہے لیکن قرآن مجید کے نازل ہونے کے بعد ان میں لکھی گئی تعلیمات پر عمل ہمارے فرائض میں شامل ہے کیونکہ ہزاروں سال گذرنے کی وجہ سے ان میں بے شمار تغیرات اور تحریفات ہوں گی.

Q2. حسد کا کیا مفہوم ہے؟

Ans 1: حسد کے لغوی معنی جلنا،کڑھنا کے ہیں،اصطلاح میں حسد سے مراد کسی دوسرے شخص کے فضل و کمالات اور اس کو میسر نعمتوں کو دیکھ کر رنجیدہ ہونا اور دشمنی کی وجہ سے یہ خواہش رکھنا کہ کسی طرح یہ نعمتیں ان سے چھن جائیں.

Q3. جہاد کے بارے میں ایک آیت کا ترجمہ لکھیں.

Ans 1: ترجمہ:" اور لڑتے رہو ان سے یہاں تک کہ نہ رہے فساد اور ہوجاوے دین سب اللہ کا".

Q4. کوئی سے چار رذائل اخلاق لکھیں.

Ans 1: 1.تکبر.4 منافقۃ.3 غیبت.2 جھوٹ

Q5. جہاد کے لغوی معنی تحریر کریں.

Ans 1: جہاد کے لغوی معنی کوشش کے ہیں.

Q6. زکٰوۃ کے دو مصارف تحریر کریں.

Ans 1: 1.مساکین.2 فقراء

Q7. کلمہ شہادت میں کن چیزوں کا ذکر کیا گیا ہے؟

Ans 1: کلمہ شہادت میں مسلمان ہونے کے لیے دو چیزوں کا ذکر کیا گیا ہے 1.عقیدہ توحید یعنی اللہ تعالیٰ کی وحدنیت کا اعلان و اعتراف کرنا 2.اس امر کا اعلان کرنا اور اور اعتراف کرنا کہ حضرت محمد(ص) اللہ تعالیٰ کے بندے اور سچے رسول اور آپ(ص) کا پیش کردہ وہ دین ہی دین حق ہے،ان باتوں کی گمراہی دیئے بغیر کوئی شخص مسلمان نہیں ہو سکتا.

Q8. مصلحانہ جہاد کی تعریف کریں.

Ans 1: لوگوں کی اصلاح کے لیے اچھے طریقے سے وعظ نصیحت کے ذریعے کوشش کرنے کو مصلحانہ جہاد کہتے ہیں.

Q9. کسب حلال کے بارے میں ایک آیت کا ترجمہ لکھیں.

Ans 1: کسب حلال سے مراد رزق کی تلاش میں ہر وہ کام یا مزدوری کرنا جو ناجائز یا حرام کی لسٹ میں نہ آئے.قرآن مجید میں ایک جگہ ارشاد ہے اے رسولو! کھاؤ ستھری چیزیں اور کام کرو بھلا: ایک اور جگہ ارشاد ہے ترجمہ: " اے ایمان والوں! کھاؤ پاکیزہ چیزیں جو روزی دی ہم نے تم کو".

Q10. زکٰوۃ کن لوگوں کو نہیں دی جا سکتی ؟

Ans 1: وہ عزیز و اقارب جن کی کفالت شرعا فرض ہے مثلا ماں ،بیٹی ،شوہر،بیوی وغیرہ انہیں زکوۃ نہیں دی جا سکتی.